Masnoon Duas

11	اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اے اللہ! میری کفایت کر اپنے حلال کے ساتھ، اپنے حرام سے (بچا) اور مجھے اپنے فضل سے اپنے سوا ہر کسی سے بے نیاز کر دے۔ (جامع الترمذی، کتاب الدعوات ، احادیث شتی من ابواب الدعوات :3563) حسن
12	اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ اے اللہ! بے شک میں برے اخلاق، برے اعمال اور بری خواہشات سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔
13	اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِىْ مِسْكِيْنًا وَّ اَمِتْنِىْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِىْ فِىْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ اے اللہ! مجھ کو مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ، مسکینی میں فوت کر اور مسکینوں کی جماعت میں اٹھا۔
14	اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِىْ بِمَا عَلَّمْتَنِىْ وَعَلِّمْنِىْ مَا يَنْفَعُنِىْ وَزِدْنِىْ عِلْمًا اے اللہ! مجھے فائدہ دے اس کے ساتھ جو تو نے مجھے سکھایا ہے اور مجھے سکھا جو میرے لیے فائدہ مند ہے اور میرے علم میں اضافہ فرما۔
15	اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِىْ بِمَا رَزَقْتَنِىْ، وَ بَارِكْ لِىْ فِيْهِ وَاخْلُفْ عَلَىَّ كُلَّ غَآئِبَةٍ لِّىْ بِخَيْرٍ . (حاکم) اے اللہ! جو چیز تو نے مجھے عطا فرمائی ہے اس میں مجھے قناعت اور برکت دے اور ہر غائب ہونے والی چیز پر بھلائی کے ساتھ میرا نگہبان اور محافظ ہو۔

16	اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَ الْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ. (ترمذی) اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت اور ہر اس شخص کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو تجھ سے محبت کرتا ہے اور اس عمل کی محبت کا جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے ۔
17	اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَ الْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضَا بِالْقَدْرِ. (مشکوۃ) اے اللہ! بے شک میں تجھ سے صحت (تندرستی)، پاک دامنی، دیانت داری، خوش خلقی اور تقدیر پر راضی رہنا مانگتا ہوں۔
18	اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَعُوذُبِکَ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ وَ اَنَا اَعْلَمُ، وَ اَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ (مسند احمد) اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ دانستہ میں تیرے ساتھ شرک کروں اور جو میں نہیں جانتا اس شرک سے تیری مغفرت چاہتا ہوں۔
19	اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَ الْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ (النسائی) اے اللہ! بے شک میں محتاجی سے، رزق کی کمی اور ذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس بات سے کہ ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں۔
20	اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْکِ الشَّقَآءِ وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ. (بخاری) اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں بلا کی مشقت سے، بدبختی پا لینے سے، بری تقدیر اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔